THE DAILY JANG MULTAN ★★★

روزنامہ جنگ ملتان

بانی.........میر خلیل الرحمٰن

## اساتذہ کی تربیتی ورکشاپ

خانیوال (نمائندہ جنگ) پائیدار ترقی اسلام آباد کے زیراہتمام گورنمنٹ سکولوں کے اساتذہ کے لئے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا تربیتی ورکشاپ کا مقصد اساتذہ کو معاشرتی احتساب اور شراکتی سکول مینجمنٹ سے متعلق آگاہی دینا تھی ورکشاپ کے دوران اساتذہ نے کہا کہ پالیسیاں بناتے وقت محکمہ تعلیم کو اساتذہ کی رائے کا احترام کرنا چاہیے ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹ تقسیم کئے گئے۔